السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

اگر کسی کا ایک سالہ لڑکا گود میں پیشاب کردے اور اس کے پاس کوئی دوسرا کپڑا نہ ہو اور سردی کے موسم میں دھونے سے بیماری کا اندیشہ ہو تو کیا اس کپڑے میں نماز پڑھ سکتے ہیں۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

پڑھ سکتے ہیں، ایک حدیث کی رو سے تو دودھ پیتے بچے کے پیشاب پر چھینٹے مار دینا بھی جائز ہے اور اُسی سے کپڑا پاک ہو جاتا ہے۔

# فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الطہارۃ جلد 1 ص 46

محدث فتویٰ